© rasailojaraid.com



# تبصرے

**خیرالمجالس:** مرتبہ:- جناب خلیق احمد صاحب نظامی ریڈر شعبۂ تاریخ مسلم یونیورسٹی علی گڈھ
تقطیع کلاں، ضخامت ۳۰۶ صفحات، ٹائپ روشن اور جلی قیمت مجلد درج نہیں شائع
کردہ شعبۂ تاریخ علی گڈھ مسلم یونیورسٹی۔

ہندوستان کے صوفیائے کرام پر تحقیقی کام کا جو سلسلہ جناب خلیق احمد صاحب نظامی نے شروع کر رکھا اور جس کے لئے انھوں نے اپنی زندگی وقف کر دی ہے یہ کتاب اسی سلسلہ کی ایک اہم کڑی ہے۔ اس میں حضرت شیخ نصیرالدین چراغ دہلوی کے وہ تمام ملفوظات یکجا ہیں جن کو آپ نے وقتاً فوقتاً مختلف مجالس میں ارشاد فرمایا۔ اور جن کو حضرت نظام الدین اولیاؒ کے ایک مرید مولانا حمید قلندر نے قلمبند کر کے پھر خود حضرت چراغؒ دہلوی کو دکھا کر ان کی تصدیق بھی کرالی تھی۔ یہ ملفوظات کیا ہیں؟ علم و حکمت، رموزِ شریعت و طریقت۔ اسرارِ معرفت و موعظت کا گنجینہ ہیں۔ جن میں بزرگوں کی حکایات۔ قرآن و حدیث سے متعلق عجیب و غریب نکات اور بڑی بصیرت افروز و سبق آموز باتیں ہیں اگرچہ قرون وسطیٰ کے صوفیاء اور مصنفین نے اس کتاب سے بہت زیادہ استفادہ کیا ہے لیکن عجیب بات ہے کہ اسکے باوجود اس کتاب کے مخطوطے صرف تین ہی پائے جاتے ہیں۔ لائق مرتب نے انھیں تین مخطوطات کی بنیاد پر اس کو بڑی قابلیت اور دیدہ وری سے اڈٹ کیا ہے۔ اصل کتاب جو فارسی زبان میں ہے دو سو نوے صفحات پر ختم ہو جاتی ہے اس کے بعد سترہ صفحات میں غیر معروف الفاظ اور مصطلحات جو اس کتاب میں مستعمل ہوئے ہیں ان کی بڑی مفصل اور جامع فرہنگ ہے۔ اس کے علاوہ انگریزی زبان میں ایک طویل مقدمہ ہے جس میں بڑی تحقیق اور جامعیت سے قرون وسطیٰ میں ملفوظات کی تدوین و ترتیب اور اس کی اہمیت خیرالمجالس کا ملفوظات میں مرتبہ اس کے مخطوطہ نسخے۔ اس کے ماخذ۔ مشتملات و مباحث مولانا



© rasailojaraid.com